## Islamiat - 10th Class Islamiat Chapter 3 Online Test Short Questions Preparation

Q1. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کس نے قبر مبارک میں اتارا.

**Ans 1:** نبی کریم خاتم النبن صلی اللہ علیہ وسلم کو قبر مبارک میں اتارنے کا شرف حضرت علی ، حضرت عباس، حضرت قم بن عباس اور حضرت فضل بن عباس رضی اللہ تعالی عنھم کو حاصل ہوا.

---

Q2. غزوہ تبوک کب ہوا.

**Ans 1:** غزوہ تبوک 9 ہجری میں ہوا.

---

Q3. اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ہم پر کیا بات واضح ہوتی ہے.

**Ans 1:** اسلامی تعلیمات کی روشنی میں یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ہم خواتین کا احترام کریں. خواتین پر آوازیں کسنے گھور کر دیکھنے ان کا مذاق اڑانے ، خواتین کے تعلیمی اداروں کے باہر رش لگانے اور راستوں میں بیٹھنے سے اجتناب کریں.

---

Q4. نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم حج ادا کرنے کے لئے مدینہ منورہ کب روانہ ہوئے.

**Ans 1:** ہفتہ 28 زوالقعدہ 10 ہجری کو نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز کے بعد مدینہ منورہ روانہ ہوئے.

---

Q5. نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی لحد مبارک کس نے تیار کی.

**Ans 1:** نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی لحد مبارک حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالی عنہ نے تیار کی.

---

Q6. وصال کے وقت نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک پر کون سے کلمات تھے.

**Ans 1:** وصال کے وقت نبی کریم خاتم النبن صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک پر یہ کلمات تھے . ترجمہ: اے اللہ! مجے بلند مرتبہ رفیق سے ملادے

---

Q7. نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کو کیسی عزت دی.

**Ans 1:** نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کو وہ عزت دی کہ قیامت تک کہ کے لیے اس کا مقام و مرتبہ سب پر واضح ہوگیا.

---

Q8. نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے بہترین لوگ کن کو قرار دیا ہے.

**Ans 1:** نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق بہترین لوگ وہ ہیں جو عورتوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتے ہیں.

---

Q9. نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے کن لوگوں کے لے جنگ میں شرکت لازمی قرار دی.

**Ans 1:** نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مہم میں ہر اس شخص کی شرکت لازمی قرار دی جو صحت مند ہو اور اس کے پاس سواری کا جانور موجود ہو.

---

Q10. خواتین کے ساتھ برتاؤ کے بارے میں آیت کریمہ کا ترجمہ کریں.

**Ans 1:** اللہ تعالی کا ارشاد ہے " اور ان کے ساتھ حسن سلوک کا برتاو کرو."

---